سوال

(23) ذلیخا کا نکاح یوسف علیہ سلام سے ہوا تھا یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اخبار اہل حدیث کے سابق پرچوں میں یہ سوال ہوا تھا کہ ذلیخا کا عقد یوسف علیہ سلام سے ہوا تھا۔ یا نہیں؟ آپ نے نفی میں جواب لکھا تھا۔ حالانکہ تفسیر احسن التقاسیر میں اس کا ثبوت ملتا ہے۔ ملاحظہ ہو۔ ص149) (محمد عثمان خان محبوب نگر حیدر آباد)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نکاح کا کوئی ثبوت نہیں ہے۔ بلکہ بائبل میں اس کے خلاف ہے۔ حضرت یوسفؑ کا نکاح کسی اور جگہ ہوا تھا۔ قاضی سلیمان نے تفسیر سورہ یوسف میں نکاح کا انکار کیا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص159

محدث فتویٰ